06.09.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں.............................اسلم بیگ

**Music**

-----------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے گجرات کے شہر سورت میں، Jal Sanchaya جن بھاگیداری شروع کی ہے۔ اُنہوں نے کہا ہے کہ آئندہ نسلیں ہمیں، پانی کے تحفظ کے تئیں ہمارے رویے کی بنیاد پر ہماری قدر کریں گی۔

☆ مرکز نے کہا ہے کہ NDRF کی ٹیموں اور بھارتی فضائیہ کو آندھرا پردیش اور تلنگانہ سرکاروں کی، بچاؤ اور راحت کوششوں میں مدد کیلئے روانہ کردیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج کھمم میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی جائزہ لیا۔

☆ روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے کہا ہے کہ بھارت، برازیل اور چین، یوکرین کے ساتھ ہونے والی امکانی بات چیت میں ثالث کا کردار ادا کرسکتے ہیں۔

☆ کُشتی میں جیوتی بیروال نے 20 سال سے کم عمر کی عالمی چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور پیرس میں پیرالمپکس کھیل مقابلوں میں آج 9ویں دن بھارتی کھلاڑی اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنے کی کوشش کریں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-Jal Sanchay**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج گجرات کے شہر سورت میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے Jal Sanchay جن بھاگیداری کا آغاز کیا۔ یہ قدم جل شکتی ابھیان: بھارت کے پانی کو محفوظ کرنے کی جاری مہم کے مطابق ہے، جس سے پانی کے طویل مدتی تحفظ کو یقینی بنانے کے پانی کے مشترکہ بندوبست کے جناب مودی کے وژن کا اعادہ ہوتا ہے۔ اِس قدم کے تحت شہریوں، مقامی اداروں، صنعتوں اور متعلقہ فریقوں کو گجرات میں تحریک دی جائے گی کہ وہ بارش کے پانی کو، محفوظ جگہوں پر جمع کریں۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ حال ہی میں ملک میں شدید بارش ہوئی اور طوفان آئے ہیں اور ملک میں مشکل سے ہی کوئی جگہ ایسی ہے، جو اِس قدرتی آفت سے متاثر نہیں ہوئی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اِس بار گجرات کو بھی خطرناک حالات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ البتہ ملک کے عوام نے منفرد انداز سے یکجا ہوکر اِس بحران کے وقت میں ایک دوسرے کی مدد کی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ پانی کا تحفظ، محض کوئی پالیسی نہیں ہے، بلکہ یہ ایک کوشش اور ایک بھلائی کا کام بھی ہے۔

**Centre AP Telangana**

مرکزی وزارت داخلہ میں، قدرتی آفات سے نمٹنے کے محکمے کے ایڈیشنل سکریٹری سنجیو کمار جندل کی قیادت والی مرکزی ٹیم نے کہا ہے کہ NDRF ٹیموں اور بھارتی فضائیہ کو، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بچاؤ اور راحت کاموں میں، آندھرا پردیش اور تلنگانہ سرکاروں کی مدد کیلئے بھیج دیا گیا ہے۔ آندھرا پردیش میں NDRF کی ٹیموں نے 350 افراد کو بچایا اور تقریباً 15 ہزار افراد کو، سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے نکالا۔ تلنگانہ میں 68 لوگوں کو بچایا گیا ہے اور تقریباً 3 ہزار 200 افراد کو نکالا گیا ہے۔ آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں جاری سیلاب کی صورتحال اور بچاؤ کارروائی کا جائزہ لینے کے بعد جناب سنجیو کمار جندل نے آج اِس سلسلے میں میڈیا کو جانکاری دی۔ جناب جندل نے کہا کہ NDRF کی 26 ٹیموں، بھارتی فضائیہ کے 8 ہیلی کاپٹروں، بحریہ کے 3 ہیلی کاپٹروں اور ڈورنیئر طیاروں کو آندھرا پردیش بھیجا گیا ہے اور NDRF کی سات ٹیموں اور بھارتی فضائیہ کے دو ہیلی کاپٹروں کو تلنگانہ روانہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی فضائیہ اور بحریہ کے ہیلی کاپٹروں نے تقریباً 71 ہزار کلو گرام خوردنی اشیاء اور راحت کا سامان تقسیم کیا ہے۔

**AP-India-Army Flood**

آندھرا پردیش میں بھارتی فوج کو وجے واڑہ کے نزدیک Budameru نہر میں بڑے شگاف کو بھرنے اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں حالات کو معمول پر لانے کے لیے تعینات کیا گیا ہے۔ بھارتی فوج کے انجینئر ٹاسک فورس کے 40 فوجی انجینئروں کو بھارتی فضائیہ کے اے این 32 طیارے کے ذریعہ Hakimpet سے وجے واڑہ پہنچایا گیا ہے۔ یہ قدم بھارتی فوج نے ریاستی سرکار کی مدد کی درخواست کے بعد اٹھایا ہے۔ مزید تعیناتی کے لیے فوج کی اضافی یونٹس کو تیار رہنے کو کہا گیا ہے۔ مقامی حکام نقصان کی بھرپائی کرنے، سیلاب کی سطح کی نگرانی کرنے اور متاثرہ لوگوں کو راحت فراہم کرنے کے لیے آفات کے بندوبست کی ٹیمیں تعینات کررہی ہے۔

**Chouhan Flood**

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ابتدائی تخمینے کے مطابق آندھراپردیش میں سیلاب کی وجہ سے ایک لاکھ 80 ہزار ہیکٹیئر زمین پر فصلوں کو نقصان پہنچا ہے، جس سے تقریباً 2 لاکھ کسان متاثر ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ خاص طور پر پھولوں اور ہلدی کی فصلوں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ جناب چوہان سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آندھراپردیش اور تلنگانہ کے دو دن کے دورے پر گئے ہوئے ہیں۔ زراعت کے وزیر نے نقصانات کا جائزہ مکمل ہونے کے بعد مرکزی سرکار کی طرف سے اِن دونوں ریاستوں کو ہرممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ NDRF کی ٹیمیں اور محکمۂ زراعت کے اہلکار نقصانات کا تخمینہ لگا رہے ہیں۔ جناب چوہان نے کہا کہ مرکزی سرکار معمول کے حالات بحال کرنے اور فصلوں نیز گھر کے سامان کو نقصان پہنچنے کے تناظر میں معاوضہ فراہم کرنے میں معاونت کرے گی۔ آندھراپردیش میں وزیر

موصوف نے وجے واڑہ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی معائنہ کیا اور دریائے کرشنا کے نزدیک واقع کھیتوں کو ہونے والے نقصان اور پرکاشم بیراج ڈیم کا معائنہ کیا۔ مرکزی وزیر نے Jakkampudi کے مقام پر پانی میں اتر کر کسانوں اور مقامی باشندوں سے بات کی۔ انہوں نے NDRF کی ٹیموں اور اہلکاروں کے ساتھ سیلاب کی صورتحال کا جائزہ بھی لیا۔ جناب شیو راج سنگھ چوہان آج سیلاب سے متاثرہ Khammam ضلع اور تلنگانہ کے دیگر علاقوں کا دورہ کریں گے۔

## Putin-India

روسی صدر ولادیمیر پوتن نے کہا ہے کہ بھارت، برازیل اور چین یوکرین جنگ کے سلسلے میں جو بات چیت کئے جانے کا امکان ہے۔ اس میں ثالث کا رول ادا کرسکتے ہیں۔ مشرقی اقتصادی فورم کے مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے روسی صدر نے کہا کہ بھارت، برازیل اور چین کے رہنما یوکرین میں صورتحال کے حل کی خاطر سنجیدہ کوششیں کررہے ہیں۔ جناب پوتن نے کہا کہ وہ یوکرین جنگ کے حوالے سے بھارت، چین اور برازیل کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں، کیونکہ یہ ممالک جنگ سے متعلق سبھی معاملات کے حل کیلئے سنجیدہ ہیں۔ جناب پوتن نے یہ بیان وزیراعظم نریندر مودی کے مہینوں پہلے ماسکو کے دورے اور یوکرین کے حالیہ دورے کے بعد دیا ہے، جہاں انہوں نے روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ پر بھارت کے موقف کو دہرایا تھا اور کہا تھا کہ بھارت ہمیشہ امن کا خواہاں ہے۔

## Jaishankar

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے، وزیراعظم نریندر مودی کے برونئی اور سنگاپور کے دورے کو مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی بھارت کی پالیسی کیلئے انتہائی اہم قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا ایکس پر ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُن کے یہ دورے دونوں جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کے ساتھ سفارتی اور اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنے کے طور پر دیکھے جارہے ہیں۔ برونئی دورے میں ایک اہم پیش رفت یہ ہوئی ہے کہ بھارت- برونئی تعلقات کو بڑھتی ہوئی شراکت داری تک وسعت دی گئی۔ یہ ایسے وقت ہوا ہے کہ جب دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی رشتوں کے 40 سال مکمل ہونے کا تاریخی موقع ہے۔ سنگاپور کے دورے کے تحت دوطرفہ تعلقات کو جامع کلیدی شراکت داری تک وسعت دی گئی، جس سے اشتراک کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ جناب مودی نے سنگاپور کے دورے کے تحت سیمی کنڈکٹر کے ایک ٹیسٹنگ سینٹر کا بھی دورہ کیا، جس سے شراکت داری میں ٹیکنالوجی اور اختراع کی بڑھتی ہوئی اہمیت کی عکاسی ہوتی ہے۔

## Ashwini Vaishnaw-Japan

اطلاعات ونشریات اور الیکٹرانکس وانفارمیشن ٹکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے بھارت اور جاپان کے درمیان ڈیجیٹل رابطوں کو مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کی غرض سے ٹوکیو میں جاپان کے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے وزیر Taro Kono کے ساتھ میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے مستقبل میں ٹکنالوجی کے شعبے میں آگے بڑھنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ڈیجیٹل منظر نامے میں اشتراک اور اختراع کے مواقع کا پتہ لگانے پر غور وخوض کیا۔ جناب ویشنو نے بین الاقوامی تعاون کے لیے جاپان بینک کے ایم ڈی اور چیئرمین جناب Tadashi Maeda کے ساتھ بھی میٹنگ کی، جس میں بھارت-جاپان کلیدی شراکت داری کے تحت پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں نے تعاون کے اہم شعبوں اور مستقبل کے مواقع پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ اس سے قبل جناب ویشنو نے بھارت جاپان کلیدی شراکت داری کی موجودہ صورتحال اور مستقبل کے امکانات پر ایک جامع مذاکرات کی

خاطر جاپان کے وزیر اعظم Masa Fumi Mori کے خصوصی مشیر کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ اپنے دورے کے دوران جناب ویشنو نے جو ریلوے کی وزارت کا چارج بھی سنبھالے ہوئے ہیں، جاپان کے بنیادی ڈھانچے، ٹرانسپورٹ، اراضی اور سیاحت کے وزیر Tetsuo Saito کے ساتھ مثبت مذاکرات کیے۔ یہ مذاکرات بھارت اور جاپان کے درمیان ریلوے کے شعبے میں تعاون بڑھانے، معاشی ترقی کو فروغ دینے اور ثقافتی تعلقات کو وسعت دینے کے امور پر کیے گئے۔

**J&K-Nomination**

جموں وکشمیر میں، اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے آج کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کی جارہی ہے۔ اِس مرحلے میں 310 امیدواروں نے اپنے پرچہ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ کل پرچے داخل کرنے کی آخری تاریخ تھی۔ 6 ضلعوں کے 26 اسمبلی حلقوں میں اِس ماہ کی 25 تاریخ کو دوسرے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ دوسرے مرحلے کیلئے کُل 310 امیدواروں نے 329 نامزدگی کے پرچے داخل کئے ہیں۔ بی جے پی نے جموں وکشمیر میں اسمبلی چناؤ کے دوسرے مرحلے کے لیے چناؤ مہم کیلئے 40 مشہور شخصیات کا انتخاب کیا ہے۔ اِن ممتاز شخصیات میں وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، بی جے پی صدر جے پی نڈا اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ شامل ہیں۔مرکز کے زیر انتظام علاقے میں اسمبلی چناؤ کا دوسرا مرحلہ اِس ماہ کی 25 تاریخ کو ہوگا۔ مرکزی وزرا نتن گڈکری، منوہر لال کھٹر، جی کشن ریڈی، جتیندر سنگھ اور شیوراج سنگھ جیسی بی جے پی کی بہت سی اثر دار شخصیتیں پارٹی کی چناؤ مہم میں شامل ہونے والی اہم لیڈروں میں شامل ہیں۔

**Kerala Onam**

کیرالہ میں آج Atham منایا جارہا ہے، جو 10 روزہ Onam تہوار کا آغاز ہے۔ بہت سی جگہوں پر راجہ مہابلی کا، علامتی طور پر خیرمقدم کرتے ہوئے پھول بچھائے گئے۔اِس موقع پر پوری ریاست میں بہت سے لوگوں نے مندروں میں پوجا کی۔

**Wrestling-U20 Gold**

اسپین کے Pontevedra میں 20 سال سے کم عمر کی عالمی چیمپئن شپ میں خواتین کے 76 کلو گرام فری اسٹائل زمرے میں Jyoti Berwal نے کشتی میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ جیوتی نے کل فائنل میں یوکرین کی ماریہ Orlevych کو شکست دی اور انہیں ایک بھی پوائنٹ حاصل کرنے کا موقع نہیں دیا اور اِس طرح انہوں نے کشتی میں سونے کا تمغہ حاصل کرلیا۔ فائنل تک پہنچنے کے لیے جیوتی نے منگولیا، چین اور ترکی کے پہلوانوں کو ہرایا۔ پریہ ملک کے بعد خواتین کے 76 کلو گرام زمرے میں 20 سال سے کم عمر کے عالمی مقابلوں میں بھارت کا لگاتار یہ دوسرا سونے کا تمغہ ہے۔

**Paralympics**

پیرس میں جاری پیرالمپکس کھیل کود مقابلوں میں بھارتی کھلاڑی، کھیلوں کے نویں دن ایتھلیٹکس، کشتی رانی اور وزن اٹھانے کے مقابلوں میں اول مقام حاصل کرنے کے مقصد سے میدان میں اتریں گے۔ پاور لفٹنگ میں خواتین کے 67 کلو گرام تک کے فائنل میں اسٹار کھلاڑی Kasthuri Rajamani اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گی، جبکہ ایتھلیٹکس میں پروین کمار مردوں کے ہائی جمپ T-64 مقابلے میں تمغے پر نظریں جمائے ہوئے ہیں۔ کل بھارت کے Kapil Parmar نے

مردوں کے J1، 60 کلو گرام پیرا جوڈو مقابلے میں برازیل کے Elielton de Oliveira کو دَس-صفر سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا۔ یہ جوڈو میں بھارت کا اب تک کا پہلا پیرالمپکس تمغہ ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے پیرس پیرالمپکس میں تمغے جیتنے والے سبھی کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔ بھارت سونے کے 5، چاندی کے 9 اور کانسے کے 11 تمغوں سمیت کُل 25 تمغوں کے ساتھ 16 ویں مقام پر ہے۔

**IB-Khel**

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے نئی دلی میں میجر دھیان چند اسٹیڈیم اور جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں گزشتہ ماہ کی 27سے 30 تاریخ تک 'کھیل اتسوٗ 2024 کا اہتمام کیا، جس میں وزارت نے اپنے پہلے ایڈیشن میں، کرکٹ، ہاکی، بیڈمنٹن اور ٹینس میں ٹورنامنٹس کا اہتمام کیا۔ اِن ٹورنامنٹس میں وزارت کے 200 سے زیادہ اہلکاروں اور عملے نے شرکت کی۔ توقع ہے کہ کھیل اتسو کے آئندہ ایڈیشن میں مزید کھیل مقابلے شامل کئے جائیں گے۔ میجر دھیان چند Trophies کی تقسیم کی تقریب نئی دلی میں اِس ماہ کی 4 تاریخ کو منعقد ہوئی تھی، جس میں اطلاعات ونشریات کی وزارت کے سکریٹری سنجے Taju اور دیگر سینئر افسروں نے ٹرافی کی تقسیم کی تقریب میں شرکت کی تھی۔